# عارف حبیب کارپوریشن لمیٹڈ

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ عارف حبیب کارپوریشن لمیٹڈ (کمپنی) کا غیر معمولی اجلاس عام بروز ہفتہ 1 جون 2024 کو صبح 10:30 بجے پی ایس ایکس آڈیٹوریم، اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، اسٹاک ایکسچینج روڈ، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

**عمومی امور**

1. انتیسواں (29) سالانہ اجلاس عام منعقدہ 28 اکتوبر 2023ء اور غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ 26 دسمبر 2023ء کی کارروائیوں کی توثیق۔

**خصوصی امور**

2. بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 199 اور کمپنیز (انویسٹمنٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیز یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز مجریہ 2017ء کے تحت مندرجہ ذیل خصوصی قراردادوں پر غور و خوض اور موزوں پانے پر ترمیم یا بلاترمیم اضافہ یا تنسیخ منظور کرنا:

**ایسوسی ایٹڈ کمپنیز اور ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز میں سرمایہ کاری**

**قرار پایا** کہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 199 اور کمپنیز (انویسٹمنٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیز یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز مجریہ 2017ء کے تحت ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں میں اضافی سرمایہ کاری کی مندرجہ ذیل حدود کے لیے دفعہ (3)134 کے تحت بیانیہ میں دیئے گئے شرائط و ضوابط کے مطابق منظوری دی جاتی ہے۔

| نمبر شمار | ملحقہ اداروں کا نام | مالیت | مدت | نوعیت |
|---|---|---|---|---|
| 1 | جاویداں کارپوریشن لمیٹڈ | 4.5 بلین روپے | 2 سال | ایکویٹی |
| 2 | پاور سیمنٹ لمیٹڈ | 4 بلین روپے | 2 سال | ایکویٹی |
| 3 | عائشہ اسٹیل ملز لمیٹڈ | 3 بلین روپے | 2 سال | ایکویٹی |

**مزید قرار پایا** کہ چیف ایگزیکٹیو اور/ یا کسی دو ڈائریکٹرز کو مشترکہ طور پر یا کسی ایک ڈائریکٹر اور چیف فنانشل آفیسر/کمپنی سیکرٹری کو مشترکہ طور پر مندرجہ بالا قراردادوں پر عملدرآمد/ موثر بنانے کے لیے تمام اقدامات/ کارروائیاں ضروری امور اور معاملات جو ضروری یا ہنگامی طور پر اور/ یا حسب بالا کمپنی کے فنڈز سے سرمایہ کاری کیلئے لازمی ہوں اور جب اور جس وقت سرمایہ کاری کرنی ہو لیکن گفت و شنید تک محدود نہ ہو اور ضروری معاہدے طے کرنے اور قانونی دستاویزات کی تیاری کا بشمول متعلقہ دیگر امور انجام دینے کا اختیار دیا جاتا ہے۔

3. کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو مجاز بنانا کہ وہ اگلے سالانہ اجلاس عام تک ملحقہ پارٹیوں کے ساتھ کئے جانے والے اُن سَودوں (اگر واقع ہوں) کی منظوری دے سکیں جن کے لئے کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 207 یا/اور 208 کے تحت حصص یافتگان کی منظوری درکار ہوتی ہے اس کے لئے مندرجہ ذیل خصوصی قراردادیں ترمیم یا بلاترمیم منظور کی جاتی ہیں :

**قرار پایا** کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو مجاز بنایا جاتا ہے کہ وہ اگلے سالانہ اجلاس عام تک ملحقہ پارٹیوں کے ساتھ کئے جانے والے سودوں کو انفرادی طور پر منظور کرسکیں۔

**مزید قرار پایا** کہ سودوں کی ڈائریکٹرز سے منظوری کو (اگر واقع ہوں) کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 207 یا/ اور 208 کے تحت حصص یافتگان کی منظوری تصور کیا جائے گا اور (اگر ضروری ہوا) تو انہیں کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 207 یا/ اور 208 کے تحت اگلے سالانہ اجلاس عام میں باضابطہ توثیق/منظوری کے لئے حصص یافتگان کے روبرو پیش کیا جائے گا۔

4. چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ (3)134 کے تحت خصوصی امور سے متعلق بیانیہ نوٹس ہذا کے ہمراہ حصص یافتگان کو ارسال کیا جارہا ہے۔

**بحکم بورڈ**

**منظور رضا**

**کمپنی سیکریٹری**

کراچی: 11 مئی 2024

**نوٹ**:-

1. کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 24 مئی 2024 تا 1 جون 2024 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے دفتر واقع سی ڈی سی ہاؤس، 99 بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی [AHCL کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL)] کو جمعرات 23 مئی 2024 کو اختتام کار تک موصول ہونے والی منتقلیاں اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کی اہلیت کے تعین کے لیے بروقت سمجھی جائیں گی۔
2. اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا/ کی اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کے لیے دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کرسکتا/ کرسکتی ہے جسے ممبر کی طرح تمام حقوق حاصل ہوں گے۔
3. سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 ریفرنس نمبر 3 (5اے) متفرق اے آر او/ ایل ای ایس/ 96 مورخہ 26 جنوری 2000ء میں درج ہدایات سمیت طریقہ کار:

i– ممبران، پراکسیوں یا نامزد افراد کو اپنی شناخت کے لیے اجلاس میں شرکت کے موقع پر اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا اور اپنا فولیو نمبر ہمراہ لانا ہوگا۔

ii– کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور نامزد فرد کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہو) اجلاس کے موقع پر پیش کرنے ہوں گے۔

iii– مؤثر العمل ہونے کے لیے، پروکسی فارم دستخط اور مہر شدہ اور دو گواہوں کے نام، پتہ، قومی شناختی کارڈ نمبر اور دستخط کے ساتھ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل AHCL کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL) کے دفتر پر موصول ہوجانے چاہئیں۔

iv– انفرادی صورت میں بینیفیشل آنرز اور پراکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پروکسی فارم کے ہمراہ منسلک کرنی ہوں گی۔

v– کارپوریٹ ادارے کے پروکسی ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور پروکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی پروکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانی ہوگی۔

4. **غیر معمولی اجلاس عام میں آن لائن شرکت**

کمپنی اس غیر معمولی اجلاس عام میں ممبران کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کے لیے انکی بذاتِ خود موجودگی کے ساتھ ساتھ وڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی سہولت فراہم کررہی ہے۔ لہٰذا آن لائن شرکت کے متمنی تمام شرکاء اور ممبران سے درخواست ہے کہ مندرجہ ذیل کوائف اور سی این آئی سی کی (دونوں اطراف) کاپی کے ہمراہ corporate.affairs@arifhabibcorp.com پر بذریعہ ای میل برائے "Registration for AHCL EOGM 2024" کے عنوان سے اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل رجسٹریشن کرالیں۔

| شیئرز ہولڈر کا نام | سی این آئی سی نمبر | فولیو نمبر/سی ڈی سی/ اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

EOGM میں شرکت کیلئے وڈیو لنک صرف ان ممبران کیلئے کھولا جائیگا جن کے تمام مطلوبہ درست کوائف پر مشتمل ای میل corporate.affairs@arifhabibcorp.com پر موصول ہوگی۔ حصص یافتگان مذکورہ ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر 0311-2706624 پر اپنے ایجنڈہ آئیٹمز کیلئے رائے اور سوالات بھی ارسال کرسکتے ہیں۔

**5– وڈیو لنک کی سہولت کی فراہمی**

حصص یافتگان اجلاس ہذا میں بذریعہ وڈیو لنک سہولت شریک ہوسکتے ہیں۔ کمپنی کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم سات (7) روز قبل کسی دوسرے شہر میں مقیم دس فیصد یا زائد شیئر ہولڈرز کی جانب سے بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی درخواست موصول ہونے کی صورت میں کمپنی متعلقہ مقام پر وڈیو لنک سہولت کا اہتمام کریگی۔

بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کے متمنی شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب "وڈیو لنک فیسیلٹی فارم" پُر کرکے کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر ارسال کردیں۔ واضح ہو کہ ممبر یا پروکسی کے علاوہ کوئی فرد وڈیو لنک کانفرس میں شرکت کا اہل نہیں ہوگا۔

**6– ذاتی طور پر یا پراکسی کے ذریعے رائے دہی**

سالانہ اجلاسِ عام میں رائے دہی یعنی ووٹنگ کے لیے میٹنگ کے لیے مختص مقام پر پولنگ بوتھ قائم کیا جائے گا۔

**7– ای- ووٹنگ/ پوسٹل بیلٹ**

ممبران کو بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 144-143 اور SRO.2192(1)2022 مورخہ 5 دسمبر 2022 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق ممبران کو اس میں بیان کی گئی شرائط کے مطابق خصوصی امور کے لیے اپنا حقِ رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ رائے دہی یعنی ووٹنگ کے لیے ممبران کو درج ذیل متبادل اختیارات فراہم کیے جارہے ہیں:

**i- ای- ووٹنگ کا طریقہء کار**

(ا) ای- ووٹنگ سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبران کو ای میل کی جائیں گی جن کے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس 23 مئی 2024 کو اختتام کار تک کمپنی کے رجسٹر میں دستیاب ہوں گے۔

(ب) ویب ایڈریس، لاگ اِن کی تفصیلات اور پاس ورڈ ای میل کے ذریعے ممبران کو بتائے جائیں گے۔ سیکورٹی کوڈز، ای ووٹنگ سروس فراہم کرنے والے کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس (SMS) اور ای میل کے ذریعے ممبران کو بتائے جائیں گے۔

(ج) ای– ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرونک دستخط یا لاگ اِن کرنے کے لیے فراہم کردہ تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

(د) ای– ووٹنگ کی لائنیں 28 مئی 2024 کو صبح 09:00 بجے سے کھلیں گی اور 31 مئی 2024 کو شام 05:00 بجے بند ہوں گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار کسی ممبر کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**ii- پوسٹل بیلٹ**

(ا) ممبران متبادل طور پر پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.arifhabibcorp.com سے ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہے۔ اس نوٹس کے ساتھ منسلک اور اخبارات میں شائع ہونے والا بیلٹ پیپر بھی رائے دہی کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

(ب) ممبران اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ اجلاس کے چیئرمین تک صحیح طریقے سے پُر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کے ساتھ عارف حبیب سینٹر، 23، ایم۔ٹی۔خان روڈ، کراچی میں ڈاک کے ذریعے (کمپنی سیکریٹری کو متوجہ کر کے) یا حصص یافتہ کے رجسٹرڈ ای میل سے chariman.generalmeeting@arifhabibcorp.com پر بذریعہ ای میل "Postal Ballot for AHCL EOGM 2024" کے عنوان سے 31 مئی 2024 بروز جمعہ شام 05:00 بجے سے پہلے پہنچ جائیں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے دستخط سے مماثل ہونے چاہیئں۔ مقررہ وقت اور تاریخ کے بعد موصول ہونے والا پوسٹل بیلٹ ووٹنگ میں شامل نہیں ہوگا۔

(ج) براہِ کرم نوٹ کریں کہ ووٹنگ میں کسی تنازع بشمول ایک سے زیادہ ووٹ ڈالنے کی صورت میں، چیئرمین فیصلہ کرنے کا مجاز ہوگا۔

**نوٹ:**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کی شق نمبر 11 کے مطابق، کمپنی کے بورڈ نے اجلاس (ایجنڈا نمبر 2– کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 199 کے تحت ایسوسی ایٹس میں سرمایہ کاری کی منظوری سے متعلق) میں انجام دیے جانے والے خصوصی امور کے لیے میسرز یو ایچ وائی حسن نعیم اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس (ایک QCR ریٹڈ آڈٹ فرم) کو کمپنی کے جانچ کرنے والے کے طور پر اور دیگر ذمہ داریوں کو نبھانے کے لیے، جیسا کہ ریگولیشنز کی شق نمبر 11A میں بیان کیا گیا ہے، مقرر کیا ہے۔ ان کی ویب سائٹ www.uhy-hnco.com پر انکی اہلیت اور تجربے کے بارے میں تفصیل دی گئی ہے۔

**8– شیئرز ہولڈرز کی جانب معلومات کی فراہمی**

مختلف قوانین کی تعمیل، اور کسی بھی قانون کی عدم تعمیل یا مستقبل میں کسی بھی قسم کی تکلیف سے بچنے کے لیے تمام شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ مندرجہ ذیل معلومات/ دستاویزات/ امور کے سلسلے میں اپنے متعلقہ شریک/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز/ AHCL کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL) کو فراہم کردیں/ سے رابطہ کریں:

- درست سی این آئی سی/ این ٹی این سرٹیفکیٹ/ زکواۃ استثنیٰ سرٹیفکیٹ/ ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی فراہمی۔
- درست بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات اور/ یا IBAN کی فراہمی تا کہ کمپنی گزشتہ یا مستقبل میں نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کرسکے۔
- جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی صورت میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر کے شیئرز کے درمیان تناسب۔
- فزیکل شیئرز کی اسکریپ لیس صورت میں منتقلی، جس سے حصص یافتگان کو کئی انداز میں سہولت ملے گی جس میں محفوظ تحویل، مستعد خرید و فروخت اور دیگر کارپوریٹ کارروائیوں میں آسانی ہے۔
- کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 119 اور کمپنیز ریگولیشن 2024 کی شق نمبر 47 کے تحت لازمی رجسٹریشن کی معلومات بشمول موبائل نمبر/ لینڈ لائن نمبر اور ای میل ایڈریس کی فراہمی۔
- اپنے پتے، ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر میں کسی قسم کی تبدیلی کی تحریری طور پر AHCL کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL) کے دفتر کو فوری اطلاع۔

# عارف حبیب کارپوریشن لمیٹڈ

## بیلٹ پیپر برائے ووٹنگ بذریعہ پوسٹ

بروز ہفتہ 1 جون 2024 کو صبح 10:30 بجے PSX آڈیٹوریم، اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، اسٹاک ایکسچینج روڈ، کراچی میں منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام ("EoGM") میں اور الیکٹرانک ذرائع سے زیر غور آنے والے خصوصی امور کی ووٹنگ کیلئے۔ چیئرمین کا مختص کردہ ای میل ایڈریس chariman.generalmeeting@arifhabibcorp.com پر مکمل پُر شدہ بیلٹ پیپر بھیجے جاسکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| شیئر ہولڈر / جوائنٹ شیئر ہولڈر (ز) / پراکسی ہولڈر (ز) کا نام | |
| رجسٹرڈ پتہ | |
| فولیو / سی ڈی سی شرکت کنندہ / انویسٹر ID بمعہ ذیلی اکاؤنٹ نمبر | |
| حصص کی تعداد | |
| شناختی کارڈ / پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) (کاپی منسلک کی جائے) | |
| اضافی معلومات اور منسلکات (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں) | |
| مجاز دستخط کنندہ کا نام | |
| شناختی کارڈ / پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) مجاز دستخط کنندہ –(کاپی منسلک کی جائے) | |

ہم/ میں درج ذیل قراردادوں کے بارے میں اپنی رضامندی/ اختلاف ظاہر کرنے کیلئے قرارداد کے سامنے خانے میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر اپنا ووٹ بذریعہ پوسٹل بیلٹ استعمال کررہے ہیں:

<table>
<tr><th>نمبر شمار</th><th>قرارداد کی نوعیت اور تفصیل</th><th>شیئرز کی تعداد جن کیلئے ووٹ ڈالا گیا</th><th>ہم/ میں قرارداد سے متفق ہیں/ ہوں</th><th>میں/ہم قرارداد سے متفق نہیں</th></tr>
<tr><td>1.</td><td>ایجنڈا نمبر 2<br>بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 199 اور کمپنیز (انویسٹمنٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیز یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز مجریہ 2017ء کے تحت مندرجہ ذیل خصوصی قراردادوں پر غور و خوض اور موزوں پانے پر ترمیم یا بلاترمیم اضافہ یا تنسیخ منظور کرنا:<br>ایسوسی ایٹڈ کمپنیز اور ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز میں سرمایہ کاری<br>قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 199 اور کمپنیز (انویسٹمنٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیز یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز مجریہ 2017ء کے تحت ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں میں اضافی سرمایہ کاری کی مندرجہ ذیل حدود کے لیے دفعہ (3)134 کے تحت بیانیہ میں دیئے گئے شرائط و ضوابط کے مطابق منظوری دی جاتی ہے۔
<table>
<tr><th>نمبر شمار</th><th>ملحقہ اداروں کا نام</th><th>مالیت</th><th>مدت</th><th>نوعیت</th></tr>
<tr><td>.1</td><td>جاویداں کارپوریشن لمیٹڈ</td><td>4.5 بلین روپے</td><td>2 سال</td><td>ایکویٹی</td></tr>
<tr><td>.2</td><td>پاور سیمنٹ لمیٹڈ</td><td>4 بلین روپے</td><td>2 سال</td><td>ایکویٹی</td></tr>
<tr><td>.3</td><td>عائشہ اسٹیل ملز لمیٹڈ</td><td>3 بلین روپے</td><td>2 سال</td><td>ایکویٹی</td></tr>
</table>
مزید قرار پایا کہ چیف ایگزیکٹیو اور/ یا کسی دو ڈائریکٹرز کو مشترکہ طور پر یا کسی ایک ڈائریکٹر اور چیف فنانشل آفیسر/کمپنی سیکرٹری کو مشترکہ طور پر مندرجہ بالا قراردادوں پر عملدرآمد/ موثر بنانے کے لیے تمام اقدامات/ کارروائیاں ضروری امور اور معاملات جو ضروری یا ہنگامی طور پر اور/ یا حسب بالا کمپنی کے فنڈز سے سرمایہ کاری کیلئے لازمی ہوں اور جب اور جس وقت سرمایہ کاری کرنی ہو لیکن گفت و شنید تک محدود نہ ہو اور ضروری معاہدے طے کرنے اور قانونی دستاویزات کی تیاری کا بشمول متعلقہ دیگر امور انجام دینے کا اختیار دیا جاتا ہے۔</td><td></td><td></td><td></td></tr>
<tr><td>.2</td><td>ایجنڈا نمبر 3<br>کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو مجاز بنانا کہ وہ اگلے سالانہ اجلاس عام تک ملحقہ پارٹیوں کے ساتھ کئے جانے والے اُن سَودوں (اگر واقع ہوں) کی منظوری دے سکیں جن کے لئے کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 207 یا/ اور 208 کے تحت حصص یافتگان کی منظوری درکار ہوتی ہے اس کے لئے مندرجہ ذیل خصوصی قراردادیں ترمیم یا بلاترمیم منظور کی جاتی ہیں :<br>قرار پایا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو مجاز بنایا جاتا ہے کہ وہ اگلے سالانہ اجلاس عام تک ملحقہ پارٹیوں کے ساتھ کئے جانے والے سودوں کو انفرادی طور پر منظور کرنا۔<br>مزید قرار پایا کہ سودوں کی ڈائریکٹرز سے منظوری کو (اگر واقع ہوں) کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 207 یا/ اور 208 کے تحت حصص یافتگان کی منظوری تصور کیا جائے گا اور (اگر ضروری ہوا) تو انہیں کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 207 یا/ اور 208 کے تحت اگلے سالانہ اجلاس عام میں باضابطہ توثیق/منظوری کیلئے حصص یافتگان کے روبرو پیش کیا جائے گا۔</td><td></td><td></td><td></td></tr>
</table>

**نوٹ**:

1۔ صحیح طریقے سے پُر شدہ بیلٹ پیپر عارف حبیب سینٹر، 23، ایم۔ٹی۔خان روڈ، کراچی میں ڈاک کے ذریعے (کمپنی سیکریٹری کو متوجہ کر کے) یا حصص یافتہ کے رجسٹرڈ ای میل سے chariman.generalmeeting@arifhabibcorp.com پر ارسال کئے جائیں۔

2۔ پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ شناختی کارڈ/ پاسپورٹ (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) کی کاپی جمع کرانا لازمی ہے۔

3۔ پوسٹل بیلٹ فارم بذریعہ ڈاک یا ای میل چیئرمین تک 31 مئی 2024 بروز جمعہ شام 05:00 بجے سے پہلے پہنچ جانے چاہیئں۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے بیلٹ فارم ووٹنگ میں شمار نہیں کیے جائیں گے۔

4۔ پوسٹل بیلٹ فارم پر موجود دستخط شناختی کارڈ/ پاسپورٹ (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) سے مماثل ہونے چاہیئں۔

5۔ نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، پھٹے ہوئے، بوسیدہ یا کاٹ چھانٹ والے بیلٹ پیپر مسترد کردیئے جائیں گے۔

6۔ یہ پوسٹل پول پیپر عارف حبیب کارپوریشن لمیٹڈ کی ویب سائٹ (https://www.arifhabibcorp.com/downloads/ BallotPaper- EOGM-2024-AHCL.pdf) سے ڈاؤن لوڈ کے لیے بھی دستیاب ہے۔ شیئر ہولڈرز ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں یا اخبارات میں شائع ہونے والے اسی بیلٹ پیپر کو استعمال کرسکتے ہیں۔

**دستخط شیئر ہولڈر (ز)/ پراکسی ہولڈر (ز)/ مجاز دستخط کنندہ**

(کاروباری ادارہ ہونے کی صورت میں کمپنی کی مہر لگائیں)

مقام :____________ تاریخ : ____________

**رجسٹرڈ اور کارپوریٹ آفس**

**عارف حبیب سنٹر، 23، ایم ٹی خان روڈ، کراچی، پاکستان۔**

ٹیلیفون: 9-32460717 21 92+ | فیکس: 32468117,32429653 21 92+ | ویب سائٹ: www.arifhabibcorp.com | ای میل: info@arifhabibcorp.com